RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۹	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۷ ذیقعدہ سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۰ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ نمبر
۱	عطاے پروانہ خوشنودی مزاج بکشن سروپ	۱ و ۲
۲	رخصت مولوی محمد حبیب صاحب	۲
۳	نصب بعہدہ داجیکشن گورکھا	۲
۴	تقرر سردار بہادر	۲
۵	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۵ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

مثبہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر بارہ عطاے پروانہ خوشنودی مزاج بکشن سروپ ماسٹر صاحبزادہ صاحبان بہادر طال عمرہم -

رپورٹ منظور ہے - پروانہ سائل کو دیدیا جائے اور گزٹ مین

درج کیا جاسے ۔ احکام ضابطہ جاری ہون ۔

[illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض میر سانند

جناب عالی

عرضی کشن سروپ ماسٹر صاحبزادہ صاحبان بہادر طال عمرہم پیشگاہ عالی سے صادر ہوئی ۔ سائل نے باظہار گزارش حال حسن خدمات تعلیم درخواست کی ہے کہ اُسکے حق خدمت ومحنت پر لحاظ فرماکر انعام عطا فرمایا جاسے اور پروانہ خوشنودی مزاج عطا فرمایا جائے عالیجاہا واقعی سائل نے زمانہ دراز تک خدمات تعلیم صاحبزادہ صاحبان نہایت عمدہ طرح انجام دیئے اور اُسکے حق خدمات پر لحاظ کرکے بعض موقعون پر اُسکی پرورش کی تحریک کی گئی لیکن سائل کو کوئی جگہ نہین ملی ۔ فدوی کی راسے مین نسبت حقوق سائل عام حکم باندراج گزٹ صادر فرمایا جاسے کہ ریاست کے جس صیغہ مین کوئی جگہ خالی ہو سائل کی نسبت پرورش کا لحاظ رہے ۔ عرضی گزار انٹرنیس پاس ہے اور خدمات متعلقہ اچھی طرح انجام دینے کی قابلیت ہے ۔ زمانہ کارکردگی سائل قابل اطمینان رہا ۔ ایک پروانہ خوشنودی مزاج بھی سائل کو عطا فرمایا جاسے ۔ عرضی معہ مسودہ بذریعہ عرضداشت ہذا بحضور معلی ارسال ہے ۔

دولت واقبال ہمیشہ رہے ۔

[illegible]

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۹ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر مولوی محمد نجیب جنان ملازم مدرسہ صاحبان کی رخصت یکماہ بضرورت جانے مقام امرتسر بغرض علاج منظور فرمائی گئی ۔

ملخص آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۱ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج صوبہ دار جکشن گورکھا کمپنی کو رخصت یکماہ ۱۰ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء سے ۹ دسمبر تک عطا فرمائی گئی

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

تقرر

۵ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر وتحریر حاکم صاحب صدر تقرر مسمی سردار بہادر برادرزادہ وعوض خدمت گرجا پرشاد منظور ہوا اور بوجہ تقرر ابتدائی تنخواہ بارہ روپیہ ماہوار مقرر کیے گئے ایام حاضری جسقدر عرصہ تک سردار بہادر نے بطور عوض گرجا پرشاد کام کیا ہے وہ تنخواہ باندراج برآورد پاوینگے ۔

نقشه نرخنامه اجناس متعلقه ریاست رامپور بابت ابتدائے ۱۳ نومبر لغایت ۱۹ نومبر سنه ۱۹۱۱ع

نام جنس	حضور تحصیل	شاه آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈه	کیفیت
گندم	۱۲ار	٠	٠	۱۲٠ار	۱۱ار	۱۲ار	شاه آباد و ملک کی تحصیل سے نرخنامه نهیں آیا
نخود خالص	۱۳ار	٠	٠	۱۶ار	۱۳ار	۱۵ار	
نخود شکسته آمیز	۱۵ار	٠	٠	۱۹٠ار	۱۴ار	۱۶٠ار	
کسه	٠	٠	٠	٠	۱۵ار	۱۷ار	
ماش	۹ار	٠	٠	۸٠ار	۸٠ار	۸ار	
مونگ	۹ار	٠	٠	٠	۸٠ار	۸ار	
مکا	۱۹ار	٠	٠	۲٠ار	۱۸ار	۱۷٠ار	
جنی	۱۶ار	٠	٠	۱۸ار	۱۸ار	۲٠ار	
گوجنی	٠	٠	٠	٠	۱۸ار	۱۴٠ار	
عدس	۱۵ار	٠	٠	٠	٠	٠	
ارہر	۱۹ار	٠	٠	۱۴٠ار	٠	۱۵ار	
برنج	۷٠ار	٠	٠	۷٠ار	۷٠ار	۷ار	
روغن زرد	٠۶٠///ار	٠	٠	سـ//ار	سـ//ار	سـ//ار	
روغن سیاه	۲///ار	٠	٠	۲ار	۲ار	۲ار	
روغن کنجد	۱٠۶٠ار	٠	٠	٠	۱ار	٠	
نمک سانبهر	۱۳ار	٠	٠	۱۳ار	۱۴ار	۱۶ار	
نمک لاهوری	٠	٠	٠	٠	۱۲ار	۱۲ار	
قند سیاه	۵ار	٠	٠٠	۵٠ار	۶ار	۵ار	
باجره	۱۴ار	٠	٠	٠	٠	٠	

مطبوعه پریس ریاست رامپور